111863- تعلیم مکمل کرنے کی دلیل دے کر بیٹی کو شادی کرنے سے منع کرنا

سوال

میرے کئی ایک رشتے آئے لیکن والد صاحب نے یہ کہہ کر رد کردیے کہ ابھی میری تعلیم مکمل نہیں ہوئی، میں نے والدین کو منانے کی کوشش کی کہ مجھے شادی کی رغبت ہے اور شادی میری تعلیم میں رکاوٹ پیدا نہیں کریگی، لیکن والدین اپنے موقف پر قائم رہے، تو کیا والدین کی رضامندی کے بغیر میرے لیے شادی کرنا جائز ہے، وگرنہ مجھے کیا کرنا چاہیے ؟

پسندیدہ جواب

بلاشک مناسب رشتہ آنے پر بھی والد کا
آپ کی شادی نہ کرنا حرام کام ہے، اور پھر شادی تو تعلیم سے بھی اہم ہے، اور تعلیم
شادی کے منافی نہیں کیونکہ دونوں کام ہی ہوسکتے ہیں شادی کے بعد بھی تعلیم جاری رہ
سکتی ہے.

اور آپ جس حالت سے دوچار ہیں اس میں
آپ کے لیے شرعی عدالت سے رجوع کرنا جائز ہے تاکہ جو ہوا ہے وہ بیان کرسکیں اور
پھر آخری فیصلہ شرعی عدالت کا ہوگا" انتہی

فضیلۃ الشیخ محمد بن عثیمین رحمہ اللہ.